Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

فنون کی جذبات ابھارنے کی قوت

عزیزی نیویارک کے مکین،

ہماری سالانہ *اسکولوں میں فنون کی رپورٹ* کو جاری کرنے اور نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں فنون کی تعلیم کے ایک نئے دور کا آغاز کرنے کا جشن منانے میں مدد کرنے کے لیے — گزشتہ ہفتے ہمارے مرکزی دفتر میں ہم لگوارڈیا کوائر کی فنکارانہ پیشکش سے لطف اندوز ہوئے تھے۔

فنون جذبات کو ابھارتے ہیں اور دیگر ثقافتوں کو سمجھنے اور سراہنے کو فروغ دیتے ہیں۔ یہ نظم و ضبط، مستقل مزاجی، خود اعتمادی اور خطرات مول لینے جیسی کردار کی گراں قدر خصوصیات پیدا کرتے ہیں۔ تحقیق ظاہر کرتی ہے جو طلبا اسکول میں فنون کی تعلیم حاصل کرتے ہیں وہ مطالعہ، تحریر، اور ریاضی میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں، اور ان کی حاضری بہتر ہوتی ہے، اور وہ اہم سماجی جذباتی صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں۔ فنون بچوں کو بہتر طور پر ابلاغ کرنے ، صدمہ برداشت کرنے اور اسکول میں پیشرفت کرنے میں بھی مدد کرتے ہیں۔

اس لیے میں اس رپورٹ میں گریڈ 1-12 میں فنون کی پیشکشوں میں نمایاں اضافے کو دیکھ کر بہت متاثر ہوں، جو کہ عالمی وبا سے قبل کی سطح پر ہے۔ اس کے علاوہ، گزشتہ تعلیمی سال، 400 سے زائد ثقافتی فنون تنظیموں نے ہمارے طلبا کو فنون کی تعلیم فراہم کی تھی۔

بچوں کی زندگیوں کو تبدیل کرنے والی نئی آغاز کاریوں کا آغاز کرتے ہوئے، میں ہمارے فنون کی کامیاب پروگرامنگ کی تعمیر کرنے کے لیے پوری طرح پُرعزم ہوں۔ ایک مثال ہمارا نیا فنون کا محور (آرٹس حب) ہے، اربن آرٹس تعلیم کی جانب ایک اختراعی طریقہ - - - اور ہمارے اسکولوں کو ہمارے شہر کے پُر سحر اور تابناک فنون کے نظارے سے جوڑنے کا ایک ذریعہ۔

T-35751 COMMS 2023 Jun PS+YOU Issue 30 (Urdu)

ترجمے YouTube پر دستیاب ہیں۔

اس موسمِ بہار میں Urban Assembly School of Music and Art کے The Waters Edge کیمپس میں آغاز کردہ، اس حب میں پرنسپل حضرات کو ہمارے تمام کیمپسوں میں فنون کی قوت کے نفوذ کی ترغیب دینے کے لیے عالمی سطح کی فنکارانہ پیشکشیں شامل ہیں۔ حب میں ایک ایسی اختراعی پیشہ ورانہ تعلیم کا موقع بھی شامل ہے جو پرنسپل حضرات کو — ہمارے ہر ایک اسکول میں ایک پُرمعنی طریقے سے اعلی معیار کی فنون کی تعلیم کو توسیع دینے کے ہدف کے ساتھ اشتراک، تخلیق اور سیکھنے دیتی ہے۔

میں آپ کو ہمارے فنون کی سرگرمی کی وڈیو دیکھنے کی اور ہمارے گاسپل کوائر کی فنکارانہ پیشکش کے ساتھ لگوارڈیا ہائی اسکول کے سینئر Elijah Allen اور ہمارے فنون کے دفتر کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر Paul Thompson کے ساتھ روح افزا ٹرمپیٹ ڈوئیٹ سے لطف اندوز ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔

فنون ہماری روح کو ترغیب اور تسکین دیتے ہیں — یہ ایک اچھی ہمہ صفت تعلیم کا اہم حصہ ہیں۔ ہمارا شہر دنیا کا ثقافتی محور ہے، یہ نیو یارک شہر میں اسکول جانے کو خاص بنانے کا ایک حصہ ہے۔ ہم ہمارے تمام طلبا کے لیے فنون کی جذبات ابھارنے والی قوت فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

Alicia Keys کا گانا گانا - - - Queens Metropolitan High School میں



ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔

ہمیں انسٹا گرام پر فالو کریں تاکہ آپ نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں ہونے والی عمدہ سرگرمیوں سے باخبر رہنے کے لیے رابطے میں رہیں!

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ براہِ راست میئر کے دفتر سے جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: ”CC“ آئی کان پر کلک کریں۔ ”Setting“ ئی کان پر کلک کریں اور ”Subtitles/CC“منتخب کریں۔
”Auto-translate“ منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔

آگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔